## سسٹم کی خرابی کے دوران زیرالتواء آرڈرز کی منسوخی کا طریقۂ کار۔

**سسٹم کی خرابی کی صورت میں زیرالتواء آرڈرزکی منسوخی کے لئے کلائنٹ درج ذیل افراد سے رابطہ کر سکتا ہے۔**

**ارشاد احمد: فون نمبر: 042 36303878**

**فاروق احمد: فون نمبر: 042 36316208**

**کاشف جمیل: فون نمبر: 042 36303877**

**سکیورٹیزکی خرید و فروخت کے مختلف خطرات کی افادیت، بشمول سسٹم کی خرابی اور نا کا میوں کے خطرے اور کسی بھی متبادل کے جو آرڈر کو برقراررکھنے کے کام آئے**


**راحت سیکورٹیزلیمیٹڈ کے ذریعہ آن لائن خرید و فروخت کی سہولت کی اجا زت دی جائے گی جو پاکستان اسٹاک ایکسچینچ میں سیکورٹیزکی الیکڑونک ٹر یڈنگ سسٹم کے بروکر کے طور پر کام کرتا ہے۔ کلائنٹ کی درخواست پرآن لا ئن خرید و فروخت کی سہولت دی جائے گی۔ آن لا ئن خرید و فروخت کی صورت میں پیش آنے والا ہر قسم کے خطرات کی ذمہ داری کلائنٹ کی تصور کی جائے گی۔ نہ ہی راحت سیکورٹیزلیمیٹڈ اورنہ ہی اس کے کسی ڈائریکٹرزمیں سے کوۂی بھی، ملازمین کے افسران کسی بھی قسم کے نقصانات کے ذمہ دارنہ ہونگے۔ جو کلائنٹ کو درپیش ھو سکتے ھیں۔ بشمول اس کے**

**سسٹم کے لا گ آن کی رسائی میں ناکامی اورانٹرنیٹ کی خرابی یا سست رفتاری**

**کلائنٹ کے آئی ڈی اور پاسورڈ کا غلط استعمال، لا ئنزکی چوری کلائنٹ کی معلومات کی قزاقی**

## ٹریڈنگ کا مینو - خرید آرڈر فارم (Buy Order Form)

یہ آپشن سسٹم میں خرید آرڈر (Buy Order) کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ صارف ٹریڈنگ مینو کے ذریعے یا شارٹ کی (Key) **F4** دبا کر اس فارم تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔اس میں منتخب کردہ مارکیٹ اور علامت (Symbol) کے لیے بہترین مارکیٹ اور ٹریڈ کی آخری قیمت بھی دکھائی جاتی ہے۔درج ذیل حصہ منتخب کلائنٹ کے لیے قوت خرید (Buying Power) اور کل واجب خرید وغیرہ ظاہر کرتا ہے۔




### Follow Security Seclection

صارفین کو یہ نیا فیچر فراہم کیا گیا ہے۔اگر اس آپشن کو مارک کر دیا جائے تو صارف کے سیکیورٹی کو تبدیل کرنے سے منتخب کردہ سکیورٹی کی نوعیت بھی خرید آرڈر (Buy Order) فارم میں تبدیل ہو جائے گی۔

### سکرین کی وضاحت

| چیک باکس یا فیلڈ | عمل / کردار |
|---|---|
| حجم | آرڈر کا حجم درج کریں |
| علامت | علامت ڈالیں |
| قیمت | علامت کی قیمت ڈالیں |
| کلائنٹ کوڈ | اگر ٹریڈر لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ دیتا ہے۔اگر کلائنٹ لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ ظاہر ہوتا ہے اور بند ہوتا ہے۔ |
| سب کوڈ | سب کوڈ ڈالیں۔ |


| | |
|---|---|
| آرڈر کی قسم | آرڈر کی قسم دیں مثلاً LIMIT, STOP LOSS, MIT, S/L Market, Market or Short Sell |
| آرڈر پراپرٹی | آرڈر پراپرٹی مثلاً NONE اور AON دیں۔ |
| حوالہ نمبر | آرڈر کا حوالہ نمبر دیں۔ |
| ڈسک کا حجم | ڈسک کا حجم دیں۔ |
| ایکسچینج | جس ایکسچینج میں آرڈر دینا ہو اس کا انتخاب کریں۔ |
| مارکیٹ | مارکیٹ دکھاتا ہے جیسے کہ REG, COT, FUT, PRV, ODL, NCCSF, NCDFUT |

## ٹریڈنگ مینو- خرید آرڈر فارم (Buy Order Form)

خرید آرڈر کا بٹن دبانے پر تصدیقی سکرین نمودار ہوتی ہے۔





آرڈر دینے کے لیے SEND بٹن دبائیں اور Cancel دبانے سے صارف واپس Buy Order ونڈو پر واپس جائے گا۔ جب کامیابی سے آرڈر دے دیا جائے تو درج ذیل اطلاعات ظاہر ہوتی ہیں۔



آرڈر Orders View میں نمودار ہونے لگتا ہے۔

## ٹریڈنگ مینو- فروخت آرڈر فارم (Sell Order Form)

یہ آپشن سسٹم میں آرڈر فروخت کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ صارف ٹریڈنگ مینو کے ذریعے یا شارٹ کی (Key) **F5** دبا کر اس فارم تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں منتخب کردہ مارکیٹ اور علامت (Symbol) کے لیے بہترین مارکیٹ اور ٹریڈ کی آخری قیمت بھی دکھائی جاتی ہے۔ درج ذیل حصہ منتخب کلائنٹ کے لیے قوت خرید (Buying Power) اور کل واجب خرید وغیرہ ظاہر کرتا ہے۔




## Follow Security Seclection

صارفین کو یہ نیا فیچر فراہم کیا گیا ہے۔ اگر اس آپشن کو مارک کر دیا جائے تو صارف کے سکیورٹی کو تبدیل کرنے سے منتخب کردہ سکیورٹی کی نوعیت بھی فروخت آرڈر (Sell Order) فارم میں تبدیل ہو جائے گی۔

### سکرین کی وضاحت

| چیک باکس یا فیلڈ | عمل/ کردار |
|---|---|
| حجم | آرڈر کا حجم دیں۔ |
| علامت | علامت ڈالیں |
| قیمت | علامت کی قیمت ڈالیں۔ |
| کلائنٹ کوڈ | اگر ٹریڈر لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ دیتا ہے۔ اگر کلائنٹ لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ نظر آتا ہے اور بند ہوتا ہے۔ |
| سب کوڈ | سب کوڈ ڈالیں۔ |


| | |
|---|---|
| آرڈر کی قسم | آرڈر کی قسم دیں مثلاً LIMIT, STOP LOSS, MIT, S/L Market, Market or Short Sell |
| آرڈر پراپرٹی | آرڈر کی پراپرٹی دیتا ہے مثلاً NONE یا AON |
| حوالہ نمبر | آرڈر کا حوالہ نمبر دیں |
| ڈسک کا حجم | ڈسک کا حجم دیں |
| ایکسچینج | جس ایکسچینج میں آرڈر دینا ہو اُس کا انتخاب کریں۔ |
| مارکیٹ | مارکیٹ دکھاتا ہے جیسے کہ REG, COT, FUT, PRV, ODL, NCCSF, NCDFUT |

**آرڈر بھیجنے کی تصدیق کا مشورہ نمودار ہوتا ہے**

ٹریڈنگ مینو فروخت آرڈر فارم (Sell Order Form)





آرڈر دینے کے لیے Send کا بٹن دبائیں یا Cancel کا بٹن دبانے سے صارف آرڈر فروخت کرنے والی سکرین پر واپس آجائے گا۔ جب فروخت کا آرڈر کامیابی سے دے دیا جائے تو درج ذیل نمودار ہوگا




شکل نمبر 77 میں آرڈر کی تصدیق کے ساتھ ٹریڈ کی تصدیق ظاہر ہوتی ہے۔ ٹریڈ کی تصدیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ ٹریڈ عمل میں آچکی ہے۔

## ٹریڈنگ مینو- **Short Sell Order** فارم

Short Sell کا آرڈر دینے کے لیے Eclipse ٹریڈنگ ٹرمینل میں Short Sell آرڈر کے فارم کا انتخاب کریں۔ Short Sell فارم کے لیے شارٹ کی (Key)F8 استعمال ہوتی ہے یا صارف ٹریڈنگ مینو>>**Short Sell** کے ذریعے یا آسانی سے F8 دبا کر رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔





## Follow Security Seclection

صارفین کو یہ نیا فیچر فراہم کیا گیا ہے۔ اگر اس آپشن کو مارک کر دیا جائے تو صارف کے سیکیورٹی کو تبدیل کرنے سے منتخب کردہ سیکیورٹی کی نوعیت بھی Short Sell Order فارم میں تبدیل ہو جائے گی۔

| چیک باکس یا فیلڈ | عمل / کردار |
|---|---|
| حجم | آرڈر کا حجم دیں |
| علامت | علامت ڈالیں |
| قیمت | علامت کی قیمت ڈالیں۔ |
| کلائنٹ کوڈ | اگر ٹریڈر لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ دیتا ہے۔ اگر کلائنٹ لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ نمودار ہوتا ہے اور بند ہوتا ہے۔ |
| سب کوڈ | سب کوڈ ڈالیں۔ |
| آرڈر کی قسم | آرڈر کی قسم دیں ہے مثلاً LIMIT, STOP LOSS, MIT, S/L Market, Market or Short Sell |
| آرڈر پراپرٹی | آرڈر کی پراپرٹی دیتا ہے جیسے کہ NONE یا AON |
| حوالہ نمبر | آرڈر کے لیے حوالہ نمبر دیں۔ |
| ڈسک کا حجم | ڈسک کا حجم دیں۔ |
| ایکسچینج | جس ایکسچینج میں آرڈر دینا ہو اُس کا انتخاب کریں۔ |
| مارکیٹ | مارکیٹ دکھاتا ہے جیسے کہ REG, COT, FUT, PRV, ODL, NCCSF, NCDFUT |

## ٹریڈنگ مینو- آرڈر فارم میں تبدیلی (Modify Order Form)

یہ سکرین ٹریڈنگ آرڈر کی قطار میں موجود پہلے سے دیے گئے کسی آرڈر میں تبدیلی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ فارم آرڈر میں تبدیلی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس تک رسائی بذریعہ F9 یا ٹریڈنگ مینو Modify < Order کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے۔




### سکرین کی وضاحت


| چیک باکس یا فیلڈ | عمل/ کردار |
|---|---|
| حجم | آرڈر کا حجم دیں۔ |
| علامت | علامت ڈالیں۔ |
| قیمت | علامت کی قیمت ڈالیں۔ |
| کلائنٹ کوڈ | اگر ٹریڈر لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ دیتا ہے۔ اگر کلائنٹ لاگ ان ہو تو کلائنٹ کوڈ نمودار ہوتا ہے اور بند ہوتا ہے۔ |
| سب کوڈ | سب کوڈ ڈالیں۔ |
| حوالہ نمبر | آرڈر کا حوالہ نمبر دیں |
| ڈسک کا حجم | ڈسک کا حجم دیں۔ |

آرڈر میں ترمیم کی تصدیق کا مشورہ نمودار ہوتا ہے





## ٹریڈنگ مینو- آرڈر فارم میں تبدیلی

کسی بھی آرڈر میں تبدیلی پر درج ذیل انداز میں آرڈر میں ترمیم کی تصدیق کا پیغام نمودار ہوتا ہے۔





اگر کسی وجہ سے آرڈر نامنظور ہو جائے تو نامنظوری کا پیغام ظاہر ہوتا ہے جیسا کہ درج ذیل شکل میں دکھایا گیا ہے۔




# ٹریڈنگ مینو- آرڈر کی منسوخی (Cancel Order)

یہ سکرین ٹریڈنگ آرڈر کی قطار میں پہلے سے موجود کسی آرڈر کو منسوخ کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ صارف اس فارم تک رسائی بذریعہ F11 یا ٹریڈنگ مینو > CancelOrder کے ذریعے حاصل کر سکتا ہے۔




صارف کے پاس کوئی پنڈنگ آرڈر منسوخ کرنے کا دوسرا طریقہ بھی ہے۔ آرڈر سکرین سے آرڈر کا انتخاب کریں۔ اس پر دائیاں کلک کریں اور Cancel آپشن کا انتخاب کریں۔ آرڈر سکرین سے آرڈر منتخب کرنے کے بعد آپ ٹریڈنگ مینو سے بھی آرڈر کی منسوخی کے فارم کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آرڈر صرف اس صورت میں منسوخ ہوگا اگر یہ اب تک ٹریڈ نہ ہو گیا ہو۔





آرڈر کی منسوخی کی تصدیق نمودار ہوتی ہے۔




ٹریڈنگ مینو- آرڈر کی منسوخی




اگر کسی وجہ سے آرڈر کی منسوخی رد ہو جائے تو نامنظوری کا پیغام ظاہر ہوتا ہے۔



## 1۔ سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ میں شامل بنیادی خدشات

### 1.1 اتار چڑھاؤ کا خدشہ (Volatility Risk)

اتار چڑھاؤ کا خدشہ ایک مالی پراڈکٹ کی قیمت میں کسی بھی سمت میں تبدیلی کا خدشہ ہوتا ہے۔ اتار چڑھاؤ کی شدت مراد سیکیورٹیز/ کنٹریکٹس کی قیمت میں مختصر دورانیہ کے وقت زیادہ اتار چڑھاؤ واقع ہو سکتے ہیں۔ ایسے شدید اتار چڑھاؤ کی امید نسبتاً illiquid یا کم ٹریڈ ہونے والی سیکیورٹیز/ کنٹریکٹس میں متوقع ہوتی ہے بانسبت liquid سیکیورٹیز/ ٹریڈز کے جن کی ٹریڈ زیادہ ہوتی ہے۔ اتار چڑھاؤ کی وجہ سے، یا مارکیٹ میں تیزی سے ہوتی ہوئی تبدیلی کے باعث کسی صارف کے آرڈر کی مکمل یا جزوی طور پر تکمیل مکمل نہیں ہوتی۔ ایسے اتار چڑھاؤ سے مارکیٹ کے آرڈرز کی قیمت میں بھی غیر یقینی صورتحال سامنے آسکتی ہے کیونکہ جس قیمت پر آرڈر کی تکمیل کی گئی ہو وہ مارکیٹ میں دستیاب نہ ہوسکے اور اصل قیمت سے بہت مختلف ہوسکتی ہے جس کی وجہ سے حقیقی نقصان ہوسکتا ہے۔

### 1.2 لیکویڈیٹی کا خدشہ (Liquidity Risk)

Liquidity سے مراد ہے مارکیٹ کے شرکاء کی مناسب قیمت پر کم از کم فرق سے سیکیورٹیز خریدنے/ فروخت کرنے کی قابلیت ہے۔ عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ مارکیٹ میں جتنے آرڈر دستیاب ہوں گے اتنی ہی زیادہ Liquidity ہوگی۔ Liquidity ضروری ہے کیونکہ زیادہ Liquidity کی وجہ سے صارفین کے لیے آسانی سے اور قیمت کے کم از کم فرق پر سیکیورٹیز کی خرید وفروخت آسان ہوتی ہے، اور، اس کے نتیجہ میں، اس بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے کہ صارفین اپنے مکمل کردہ ٹریڈ پر بہتر قیمت وصول یا ادا کریں گے۔ عام طور پر، کم ٹریڈ ہونی والی مصنوعات میں کم Liquidity پائی جاتی ہے بجائے ان ٹریڈز کے جو زیادہ مقدار میں ہوتی ہیں۔ نتیجتاً، کسی کسٹمر کا آرڈر جزوی طور پر مکمل ہوسکتا ہے یا نسبتاً قیمت کے زیادہ فرق پر مکمل ہوسکتا ہے یا ہوسکتا ہے کہ مکمل ہی نہ ہو۔ مارکیٹ کے کچھ حالات میں کسٹمر کے لیے مشکل یا ناممکن ہوسکتا ہے کہ مناسب قیمت پر مارکیٹ میں کسی چیز کو Liquidate کرے، جب خریدنے یا فروخت کرنے پر کوئی باقی آرڈر نہ ہو، یا اگر کسی وجہ سے کسی سیکیورٹی/ کنٹریکٹ کی ٹریڈنگ رک جائے۔

## 1.3 قیاس آرائی کی ٹریڈنگ (Speculative Trading Risk)

قیاس آرائی میں کسی سیکیورٹی/ کنٹریکٹ کی اس توقع پر ٹریڈنگ شامل ہے کہ مستقبل قریب میں اس کی قیمت میں اضافہ ہوجائے گا۔ ایسی لین دین مارکیٹ میں سیکیورٹیز کی قیمت میں اتار چڑھاؤ سے فائدہ اٹھانے کے لیے کی جاتی ہے نہ کہ سیکیورٹی کی بنیادی قیمت اور/یا سیکیورٹی میں شامل پس پردہ خصوصیات پر جیسے کہ ڈیویڈنڈ، بونس یا دیگر امور جو قیمت پر اثر انداز ہوں۔ غیر یقینی حد تک منافع یا نقصان قیاس آرائی کی ٹریڈنگ کا نتیجہ ہوتا ہے۔ تقریباً تمام سرمایہ کارانہ سرگرمیوں میں کسی حد تک قیاس آرائی کا خدشہ موجود ہوتا ہے ، کیونکہ صارف کو کوئی اندازہ نہیں ہوتا کہ اس کی سرمایہ کاری زبردست کامیابی ہوگی یا مکمل ناکامی۔ روزمرہ ٹریڈنگ کی حکمت عملی قیاس آرائی کی ٹریڈنگ کی عام مثال ہے جس میں صارف ایک ہی دن میں ایک سیکیورٹی کو خریدا اور فروخت کیا جاتا ہے، اس طرح کہ تمام واجبات ومعاملات طے پا جاتے ہیں اور کوئی واجبات باقی نہیں رہتے۔ روزمرہ ٹریڈنگ کی حکمت عملی میں ملوث صارف کو ان صارفین کی نسبت زیادہ محتاط اور باعلم ہونا چاہیے جو لمبے عرصے کے لیے سرمایہ کاری کرتے ہیں، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ روزمرہ ٹریڈر کے اندازے کے مطابق اس دن مارکیٹ میں کوئی سرگرمی نہ ہو جس سے اسے نقصان ہو۔

## 1.4 زیادہ پھیلاؤ کا خدشہ (Risk of Wider Spread)

Bid-Ask پھیلاؤ سے مراد ہے کسی سیکیورٹی/ کنٹریکٹ کی پیش کردہ قیمت اور بولی والی قیمت میں فرق جو مارکیٹ میکرز یا ٹریڈنگ فریقین کی جانب سے متعین کی جاتی ہے۔ اس پھیلاؤ کے حجم پر مختلف عوامل متاثر ہوتے ہیں جیسے کہ Liquidity، اتار چڑھاؤ، فری فلوٹ (بقیہ شیئرز کی کل تعداد جو کہ فوری طور پر ٹریڈنگ کے لیے دستیاب ہیں) وغیرہ۔ عام طور پر، کسی سیکیورٹی میں کم Liquidity، زیادہ اتار چڑھاؤ اور کم درجہ فری فلوٹ کی وجہ سے Bid-Ask پھیلاؤ نسبتاً زیادہ ہوسکتا ہے۔ Bid-Ask پھیلاؤ میں زیادتی سے صارفین کو زیادہ اخراجات اٹھانا پڑ سکتے ہیں۔

## 1.5 تجارتی اعلانات کی وجہ سے قیمت میں اتار چڑھاؤ سے منسلک خدشہ:
## (Risk Pertaining to the Price Fluctuations due to Corporate Announcement)

کمپنیز کی جانب سے تجارتی اعمال پر ہونے والے تجارتی اعلانات یا دیگر مادی معلومات سیکیورٹیز کی قیمت پر اثر انداز ہوسکتی ہے۔ یہ اعلانات سیکیورٹی کی کم تر Liquidity سے مل کر قیمت میں واضح اتار چڑھاؤ کا باعث بن سکتے ہیں۔ ایسی سیکیورٹیز/ کنٹریکٹس میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کرتے ہوئے، صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ ایسے اعلانات کا خیال رکھیں۔ مزید براں، مارکیٹ میں جھوٹی افواہوں کی گردش میں صارف کو مستعد اور محتاط رہنا چاہیے۔ صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ صرف ان افواہوں کی بنیاد پر اقدامات کرنے سے گریز کریں بلکہ سیکیورٹیز اور کمپنیز کے متعلق حقائق اور حالات کی روشنی میں سرمایہ کاری کا درست فیصلہ کریں۔

## 1.6 آرڈرز میں کمی کا خدشہ (Risk Reducing Orders)

صارفین نقصانات کو محدود کرنے کے لیے آرڈر دے سکتے ہیں جیسے کہ Limit Orders, Stop Loss Orders اور Market Orders وغیرہ۔ آرڈرز کی ان اقسام کے بارے میں تفصیلی علم کے لیے صارفین کو اپنے بروکر سے مشورہ کرنا چاہیے۔ صارفین کو اس بات کا ادراک ہونا چاہیے کہ نقصانات کو ایک مخصوص حد تک محدود کرنے کے لیے ایسے آرڈرز دینا، سیکیورٹیز کی قیمت میں تیزی سے ہوتی تبدیلی کی وجہ سے ہمیشہ ایک موثر قدم ثابت نہیں ہوسکتا، جس کے نتیجہ میں ہوسکتا ہے کہ ایسے آرڈرز مکمل نہ کیے جائیں۔

## 1.7 سسٹم کا خدشہ (System Risk)

مارکیٹ کے آغاز اور بند ہونے سے پہلے عمومی طور پر زیادہ حجم میں ٹریڈنگ ہوتی ہے۔ ایسے زیادہ حجم دن کے کسی بھی اوقات میں رونما ہوسکتے ہیں جس سے آرڈر کی تکمیل یا تصدیق میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ اتار چڑھاؤ کے اوقات میں، مارکیٹ کے شرکاء کی مسلسل اپنے آرڈر کی مقدار یا قیمت میں تبدیلی یا نئے آرڈر دینے کی وجہ سے آرڈر کی تکمیل اور اس کی تصدیق میں تاخیر ہوسکتی ہے۔

## 1.8 سسٹم سے منسلک خدشہ (Systemic Risk)

سسٹم سے منسلک خدشات مخصوص حالات میں درپیش آتے ہیں اور یہ وہ خدشات ہے جب مارکیٹ کے ایک یا زائد شرکاء حسب توقع کام نہ کر سکے جس کی وجہ سے دیگر شرکاء اپنے فرائض وقت پر پورے کرنے سے قاصر رہیں گے، جس کی وجہ سے پوری مارکیٹ متاثر ہوگی۔

## 1.9 سسٹم اور نیٹ ورک کا خدشہ (System and Network Risk)

PSX پر ٹریڈنگ الیکٹرانک ہوتی ہے، جس کی بنیاد آرڈر دینے یا چلانے کے لیے سیٹلائیٹ/لائن پر مبنی واسطے، ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سسٹم کے امتزاج پر ہوتی ہے۔ یہ تمام سہولیات اور نظام عارضی خرابی یا نقائص سے دوچار ہو سکتے ہیں، یا کوئی دیگر مسئلہ درپیش آ سکتا ہے جس سے ٹریڈنگ سسٹم/نیٹ ورک تک رسائی ممکن نہ رہے۔ ایسی رکاوٹوں کی وجہ سے جزوی طور پر خرید و فروخت کے آرڈرز کی پروسیسنگ میں تاخیر ہوسکتی ہے یا ہوسکتا ہے کہ آرڈرز پروسیس ہی نہ ہوسکیں۔ کسی بھی مالی لین دین کی طرح، صارف کو ایکسچینج یا بروکر کی طرف سے سسٹم کی خرابی کے باعث آرڈر کی تکمیل نہ ہونے پر نقصان ہوسکتا ہے۔ یہ نقصانات بھاری مقدار میں بھی ہو سکتے ہیں اگر بروکر نے کسٹمر کی جگہ لی ہو اور اس کے پاس معقول بیک اپ سسٹم یا کوئی طریقہ کار نہ ہو۔ اسی لحاظ سے صارفین کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ اگرچہ یہ مسائل عارضی نوعیت کے ہو سکتے ہیں، لیکن جب صارف کے پاس بقیہ اوپن پوزیشن یا غیر تکمیل شدہ آرڈرز ہوں تو تمام لین دین کی تکمیل کا فرض ان عناصر میں خدشہ کی نمائندگی کرتا ہے۔

## 1.10 آن لائن سروسز کا خدشہ (Risk of Online Services)

ایسے کسٹمر جو آن لائن ٹریڈ کرتے ہیں یا اس کا ارادہ رکھتے ہیں انھیں آن لائن ٹریڈنگ سے منسلک تمام خدشات اچھی طرح سمجھ لینے چاہیے۔ ہوسکتا ہے کہ آن لائن ٹریڈنگ پوری طرح محفوظ اور پائیدار نہ ہو اور تکنیکی رکاوٹوں کی وجہ سے معلومات کی فراہمی، ہدایات پر عمل میں تاخیر ہو۔ مزید براں صارف ایک بات کو تسلیم اور مکمل طور پر سمجھتا ہے کہ وہ رسائی کے کوڈ اور/یا پاس ورڈ کی کسی تیسرے شخص تک رسائی یا اس کے غیر قانونی استعمال کے نتائج کا خود ذمہ ہوگا/ہوگی۔

## 1.11 ضابطہ / قانونی خدشہ (Regulatory/ Legal Risk)

ایکسچینج پر ٹریڈنگ سے متعلقہ قوانین، قواعد وضوابط، سرکاری پالیسیاں وقت بوقت اپ ڈیٹ ہوتی رہتی ہیں۔ ایسے قانونی اعمال یا قانونی تبدیلیاں جن میں ٹیکس / محصول میں تبدیلی بھی شامل ہے کسی سرمایہ کاری کے ممکنہ منافع کو تبدیل کرسکتی ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ حکومت کی کچھ پالیسیاں کسی ایک شعبے پر زیادہ توجہ مرکوز کریں بانسبت کسی دوسرے شعبے کے، جس کی وجہ سے ان شعبوں میں صارف کی سرمایہ کاری کے منافع میں خدشات پیدا ہوسکتے ہیں۔